رسید تحائف احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے دسمبر ۲۰۰۹ کے دوران حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) مجلس ادارت۔

اس بار جو تحائف ہمیں اپنے معزز احباب و قارئین کرام سے موصول ہوئے ہیں ان میں سرفہرست حضرت علامہ جمیل احمد نعیمی ضیائی صاحب دامت برکاتہم کے توسط سے ادارہ پاکستان شناسی لاہور کے منصرم محترم جناب ظہورالدین خاں صاحب امرتسری کی ایک کاوش جو حضرت علامہ پروفیسر سید محمد سلیمان اشرف صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب البلاغ کا نسخہ ہے۔ یہ کتاب ۱۹۱۱ء میں پہلی بار شائع ہوئی تھی اور جیسا کہ اس کے مقدمہ میں جو کہ ناشر (جناب ظہورالدین خان صاحب) کے قلم سے ہے میں مذکور ہے کہ ایک صدی گزر جانے کے بعد یہ کتاب نئے مقدمہ و دیباچہ کے ساتھ منظر عام پر آئی ہے۔ کتاب کا موضوع خلافت اسلامیہ ہے اور اس میں مسلمانوں کے تنزل کے اسباب اور خلافت عثمانیہ کے تاریخی واقعات اور اس کے ساتھ مسلمانوں کے باہمی تعلقات پر تفصیلی بحث کے علاوہ آئندہ کے لئے مفید ہدایات شامل ہیں۔ اصل کتاب کوئی ۴۸ صفحات پر محیط ہے اور اس کے شروع میں بھی تقریباً اتنے ہی صفحات کا مقدمہ بعنوان عرض ناشر اور دیباچہ ہے، دیباچہ ڈاکٹر وحید عشرت صاحب کا ہے جو ایک معروف علمی شخصیت ہیں۔

کتاب بہترین کاغذ پر خوبصورت سرورق کے ساتھ مجلد شائع ہوئی ہے۔ اور اس کی قیمت ۱۵۰ روپے مقرر کی گئی ہے۔ کتاب ادارہ پاکستان شناسی ۲/۲۴ سوڈھیوال کالونی ملتان روڈ لاہور کے علاوہ ہمارے دارالعلوم نعیمیہ کراچی سے بھی حاصل کی جاسکتی ہے۔

دوسرا تحفہ اس بار مقبول و مبرور درود وسلام کا ہے جو خاکپائے علمائے کرام وفقراء جناب مقصود احمد اویسی نوشاہی صاحب نے ہمیں عنایت کیا ہے اور وہ اکثر محبت و شفقت سے کتابیں عنایت فرماتے رہتے ہیں۔ یہ کتاب جناب محمد یامین صاحب نے حسب حکم جناب حضرت مجیب احمد

صابری دامت برکاتہم تالیف فرمائی اور انہی نے شائع کی ہے ملنے کا پتا: مکان نمبر R3051 بلاک ۲ میٹروول تھری گلزار ہجری کراچی درج ہے علاوہ ازیں جناب صوفی مقصود حسین صاحب سے بھی حاصل کی جاسکتی ہے ان کا پتا ہے: R-31/17 گلبرگ کراچی فون نمبر 0300-2052869

ایک اور تحفہ ہمیں جناب مفتی صابر حسین صاحب نے بواسطہ سید غضنفر احمد عنایت کیا ہے، اور یہ ہے ان کی ایک اور خوبصورت کتاب " سرمایہ کاری کے شرعی احکام ،" اس سے قبل اسلامی بنکاری کے حوالہ سے ان کی ایک کتاب اصطلاحاتِ اسلامی معیشت ووراثت شائع ہوچکی ہے ۔شعبہ نشرواشاعت المنیب شریعہ اکیڈمی نے اسے شائع کیا ہے، کتاب اسلامی بنکاری وتکافل کے شعبے سے وابستہ ماہرین اساتذہ طلبہ اور شائقین علوم اسلامیہ کیلئے مفید علمی تحفہ ہے۳۵۲ صفحات پر مشتمل کتاب کی قیمت صرف ۳۵۰ روپے ہے ۔کتاب میں اسلامی بینکاری کی اصطلاحات و معاملات کے حوالہ سے معلومات کا ایک بڑا خزینہ موجود ہے ۔مصنف ماشاء اللہ بہت فاضل شخصیت ہیں ۔کتاب انتہائی اہمیت کی حامل ہے، کتاب پر ملنے کا کوئی خاص پتا درج نہیں تاہم امید ہے کہ یہ کتاب ہر اچھے بک اسٹال پر دستیاب ہوگی ۔مولف کا فون نمبر کتاب پر درج ہے جو کہ 0321-2880864 ہے۔

ایک اور تحفہ ہمیں لاہور سے ایک خاتون قاریہ مجلّہ فقہ اسلامی نے ارسال کیا ہے اور اپنا نام ظاہر نہ کرنے کی خواہش ظاہر کی ہے۔اور یہ ہے ۱۲۷ صفحات پر مشتمل ایک مختصر سی کتاب۔ اس کتاب میں اخلاقی انحطاط اور مذہبی تفریق کا ایک عبرت ناک قصہ (صفحہ ۵۰ پر) مولوی عبدالعلی صاحب کا بیان کردہ درج ہے جس کا ایک اقتباس بڑا عجیب وغریب ہے جو ہم نذر قارئین کرنا چاہتے ہیں.................. لکھتے ہیں :۔

" یہ لوگ یعنی حنفی المذہب مستحل الدم ہیں، ان کا مال مالِ غنیمت ہے ان کی بیویاں ہمارے واسطے جائز ہیں آپ قابو میں لاسکتے ہوں تو شوق سے لایئے.................. ....."

کتاب کا نام وپتا آئندہ اشاعت تک صیغہ راز میں رکھا جاتا ہے۔